QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 103 **چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کا دورہ کرانی، سریاب، بروری، پشتون آباد اور گوالمنڈی سب ڈویژن**

کوئٹہ: 24 اکتوبر 2025ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر یوسف شاہ خان نے کہا ہے کہ کمپنی کی سیل بڑھانے کیلئے ضروری ہے کہ صارفین کو نئے کنکشنز کی جلد از جلد فراہمی کو یقینی بنائیں کیونکہ یہ ایک کمرشل ادارہ ہے اور کمپنی کو منافع بخش بنانے کیلئے ضروری ہے کہ بجلی فروخت کر کے ریکوری کریں اس مقصد کیلئے تمام افسران وملازمین مزید محنت اور لگن سے کام کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ شہر میں مختلف آپریشن سب ڈویژن کے دورہ کے موقع پر افسران وملازمین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو نے گزشتہ روز کرانی، سریاب، بروری، پشتون آباد، مہر در اور گوالمنڈی سب ڈویژن کے دفاتر کا دورہ کیا۔دورے کے موقع پر متعلقہ ایس ڈی اوز نے اپنے اپنے سب ڈویژن کی کارکردگی سے متعلق بریفنگ دیئے۔اس موقع پر کیسکو کے سپرنٹنڈنگ انجینئر، ایگزیکٹو انجینئر اور دیگر متعلقہ افسران بھی اُنکے ہمراہ تھے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے کہا کہ تمام افسران وملازمین کنزیومر سروس مینول پر سختی سے عمل کریں اور بجلی بلوں کی درست بلنگ کر کے واجبات کی وصولی کو یقینی بنائیں نیز فیلڈ آپریشن عملہ صارفین کو نئے کنکشن کی فراہمی کے عمل کو آسان بنائیں اور کم سے کم وقت میں میٹر کنکشن کی تنصیب کا کام مکمل کریں۔انھوں نے کہا کہ میٹروں اور برقی لوڈ کو چیک کرنے کیلئے ٹیمپر اور الیکٹرک انسپکٹر کے ہمراہ مشترکہ چیکنگ کے عمل کو یقینی بنا کر بجلی چوروں پر جرمانے عائد کئے جائیں اور تمام سب ڈویژنز اپنے اپنے علاقوں کے عادی بجلی چوروں کی ریڈ لسٹ مرتب کر کے اُنکے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائیں اور اُس کی رپورٹ اعلیٰ حکام کو بھی ارسال کریں۔اسکے علاوہ بجلی کے منقطع شدہ مستقل کنکشنز (پی ڈسک) کے سرٹیفکیٹ بھی جاری کئے جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ آپریشن دفاتر اپنے تمام فیڈروں پر انچارج مقرر کر کے اُن کی فہرست نمایاں جگہ پر آویزاں کریں تاکہ متعلقہ فیڈر کی کارکردگی کے بارے میں اُسی انچارج سے ہی معلومات حاصل کیا جاسکے نیز انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران وملازمین کی حوصلہ افزائی کی جائیگی جبکہ خراب اور بری کارکردگی کے حامل اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو نے کہا کہا سکے ساتھ ساتھ بجلی کی لائنوں پر کام کے دوران حفاظتی اصولوں پر بھی سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں بالخصوص لائن اسٹاف اپنے حفاظتی آلات اور سامان کا درست استعمال کریں تاکہ کسی جانی حادثات سے بچاؤ ممکن ہوسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ آپریشن کا عملہ صارفین کے ساتھ خوش اخلاقی کا مظاہرہ کر کے صارف سے انکی شکایت معلوم کریں اور تحریری طور پر کمپلینٹ رجسٹر میں اس کا اندراج کیا جائے جس کے بعد صارفین کی مشکلات کے پیش نظر مختصر وقت میں انکی شکایات کا ازالہ بھی یقینی بنائیں۔اس موقع پر سب ڈویژنل افسران نے کیسکو کے سربراہ کو اپنے اپنے متعلقہ علاقوں میں برقی میٹروں کی سیکورنگ اور اسپیشل کامبنگ کے ساتھ ساتھ نادہندگان سے بقایاجات کی وصولی اور بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کے بارے میں آگاہ کیا۔بعدازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو نے فیلڈ آپریشن اسٹاف سے بھی ملاقات کیں اور مختلف دفتری رجسٹرز اور دیگر ریکارڈ بھی چیک کئے۔

###

نمبر: کیسکو پی آر 104 **بجلی صارفین کیلئے آن لائن کچہری 27 اکتوبر کو منعقد ہوں گے: کیسکو**

کوئٹہ 24 اکتوبر 2025ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر یوسف شاہ خان 27 اکتوبر 2025 کو (بروز پیر) صبح 10 بجے سے دوپہر 12 بجے تک صارفین کی بجلی سے متعلق شکایات ٹیلی فون پر براہ راست سنیں گے۔کیسکو کے تمام صارفین بروز پیر صبح 10 بجے سے دوپہر 12 بجے تک ٹیلی فون نمبر 0819204013 پر فون کر کے بجلی سے متعلق اپنے مسائل کے حل کیلئے براہ راست چیف ایگزیکٹو آفیسر سے رابطہ کریں۔آن لائن کچہری میں تمام آپریشن سرکلز کے صارفین کی شکایات کیسکو کے سینئر افسران کی موجودگی میں معلوم کئے جائیں گے اور موقع پر ہی انکے ازالے کیلئے اقدامات اُٹھائے جائیں گے۔کیسکو اپنے تمام صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ بروز پیر صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی شکایات اور اُن کے حل کیلئے بذریعہ ٹیلیفون 0819204013 پر رابطہ کریں نیز تمام صارفین اپنے بجلی بل کا حوالہ نمبر بھی بطور ریفرنس نوٹ کروالیں تاکہ اُن کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جاسکے۔

###